Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Islamic Studies) : I Semester Examination, March 2023

Paper : MAIS114CCT : Umayyad Period

پرچہ : عہد بنوامیہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

i. اندلسی سماج میں مولدون کسے کہا جاتا تھا؟

(a) عرب (b) بربر (c) اندلس کے مقامی باشندے (d) ان میں سے کوئی نہیں

2. کتاب الملوک واخبار الماضین کس کی تصنیف ہے؟

(a) قتیبہ بن مسلم (b) عبید بن شریہ (c) ابن الخطیب (d) ابن العمید

3. قرطبہ کی مشہور جامع مسجد (جامع قرطبہ) کس نے بنوائی؟

(a) طارق بن زیاد (b) عقبہ بن نافع (c) عبدالرحمٰن الداخل (d) ہشام سوم

4. ان میں سے کون اموی عہد کا شاعر ہے؟

(a) اخطل (b) زریاب (c) ابراہیم الموصلی (d) موسیٰ

5. خلافت دمشق کے آخری اموی خلیفہ کے کاتب کون تھے؟

(a) عبدالحمید (b) عبدالرحمٰن (c) ابن حماد (d) ابن نصیر

6. حضرت امیر معاویہ کا شخصی طبیب کون تھا؟

(a) ابن الحارث (b) ابن اثال (c) جرجیس (d) بختیشوع

7. خلیفہ عبدالملک بن مروان کے عہد کے فن تعمیر کا نمونہ ہے۔

(a) جامع مصر (b) جامع قیروان (c) قبۃ الصخرہ (d) قصر مروان

8. خلیفہ ولید بن عبدالملک کے دور کے عظیم سپہ سالاروں میں شمار ہوتا ہے۔

(a) قتیبہ بن مسلم (b) موسیٰ بن نصیر (c) محمد بن قاسم (d) مذکورہ تمام

9. کتاب 'بدایۃ المجتھد ونہایۃ المقتصد' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابوالقاسم الزہراوی (b) ابن حزم (c) ابن باجہ (d) ابن رشد

10. فاتح اندلس کسے کہا جاتا ہے؟

(a) مسلمہ بن عبدالملک (b) قتیبہ بن مسلم (c) طارق بن زیاد (d) محمد بن قاسم

حصہ دوم

2. دمشق کی اموی حکومت کے قیام کا تاریخی پس منظر بیان کیجیے۔
3. حکمراں عبدالملک بن مروان کے سیاسی کارناموں پر روشنی ڈالیے۔
4. اموی حکومت (دمشق) کے نظم ونسق کے اہم عہدیداروں اور شعبوں کا جائزہ لیجیے۔
5. اموی حکومت (دمشق) کے دور میں علم کے فروغ پر روشنی ڈالیے۔
6. اندلس میں آزاد اموی امارت کے قیام میں عبدالرحمٰن الداخل کے کردار پر گفتگو کیجیے۔
7. عہد بنوامیہ (دمشق) کی اہم عمارتوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔
8. اموی حکومت (دمشق) کی توسیع اور فتوحات پر ایک اجمالی نوٹ تحریر کیجیے۔
9. فتح اندلس میں طارق بن زیاد کی کوششوں کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. اندلس میں اموی حکومت کے مرکزی اور صوبائی نظم ونسق پر تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔
11. اندلس میں سائنسی علوم کی ترقی پر گفتگو کیجیے۔
12. اموی حکومت کی توسیع میں حکمراں ولید بن عبدالملک کے کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
13. اندلس میں اموی خلافت کے قیام واستحکام میں حکمراں عبدالرحمٰن الناصر کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
14. اموی عہد کے اندلسی سماج کے مختلف طبقات کے حالات پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆